# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 11 May-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱ر مئی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی تشہیری مہم کا آج اختتام؛ پرسوں پیر کو رائے دہی۔

☆ دِلّی کے وزیرِ اعلیٰ اروند کجریوال کو سپریم کورٹ کی جانب سے یکم جون تک عارضی ضمانت۔

☆ ڈاکٹر نریندر دابھولکر قتل معاملے میں دو مجرمین کو عمر قید اور پانچ لاکھ روپئے جرمانہ؛ ثبوتوں کی عدم دستیابی پر تین رہا۔

اور۔۔ ☆ اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں رائے دہی میں اضافے کی خاطر انتظامیہ کی جانب سے انعامات کا اعلان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی مہم آج ختم ہورہی ہے۔اس لیے تمام سیاسی جماعتوں کی تشہیر اب عروج پر ہے۔اس مرحلے میں ریاست کے اورنگ آباد، جالنہ، بیڑ، نندوربار، جلگاؤں، راویر، ماول، پونے، شرور، احمد نگر اور شرڈی حلقوں میں 13 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔انتخابی مراکز پر الیکشن کیلئے درکار کاغذات اور سامان پہنچا دیا گیا ہے۔ریاست کے چیف انتخابی افسر اور پرنسپل سیکریٹری ایس چوکّ لنگم نے کل منترالیہ میں ایک صحافتی کانفرنس کے دوران یہ اطلاع دی۔ریاست کے ان گیارہ حلقوں میں 298 امیدوار میدان میں ہیں۔کُل 23 ہزار 284 انتخابی مراکز پر 53 ہزار 259 بیلیٹ یونٹس، 23 ہزار 284 کنٹرول یونٹس اور 23 ہزار 284 وی وی پیٹ کے ذریعے دو کروڑ 28 لاکھ ایک ہزار 151 رائے دہندگان اپنے ووٹ دینے کے حق کا استعمال کریں گے۔

اسی دوران چوکّ لنگم نے بتایا کہ پولس افسر ہیمنت کرکرے کی موت سے متعلق کانگریس قائد وجے وڑیٹیوار کے خلاف ناگپور میں شکایت درج کی گئی ہے، وہیں بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُڑے کے خلاف متنازعہ اشتہار اخبارات میں شائع کرنے کے معاملے میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔چوکّ لنگم نے بتایا کہ تیسرے مرحلے کے دوران ریاست کے 11 انتخابی حلقوں میں کم و بیش 63.55 فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

***** ***** *****

بی جے پی کے سینئر رہنماء اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل نندوربار میں مہایوتی امیدوار حنا گاوِت کی تشہیر کیلئے انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔انھوں نے کہا کہ وہ محروم طبقات کے ریزرویشن کے تحفظ کی خاطر ہمیشہ کام کریں گے اور SC,ST,OBC کے ریزرویشن کو کم کرکے مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن نہیں دینے دیں گے۔انھوں نے کانگریس پر الزام عائد کیا کہ وہ اس معاملے میں کچھ بھی بولنے کیلئے تیار نہیں ہے۔اس موقع پر وزیرِ اعظم مودی نے دَروپدی مُرمو کے صدرِ جمہوریہ عہدے کیلئے انتخاب کی مخالفت اور رام مندر معاملے میں کانگریس کے مؤقف کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انھوں نے نندوربار میں سِکل سیل اور انیمیا جیسی بیماریوں کی روک تھام اور علاج کیلئے کیے گئے کاموں اور دیگر کیے گئے ترقیاتی کاموں کا بھی ذکر کیا۔

***** ***** *****

چند دِن قبل راشٹر وادی کانگریس شرد پوار گروپ کے صدر شرد پوار نے کہا تھا کہ علاقائی پارٹیاں کانگریس میں شمولیت اختیار کرسکتی ہیں۔ اس تناظر میں مودی نے اُدّھو ٹھاکرے اور شرد پوار کو مہایوتی میں شامل ہونے کی دعوت دی۔ اسی بیچ شرد پوار نے وزیرِ اعظم مودی کی اس تجویز کو مسترد کردیا ہے۔ پوار نے مودی کی تقاریر کو سماج میں لا اعتباریت پیدا کرنے والی بتایا۔ وہ کل پونے میں صحیفہ نگاروں سے بات کررہے تھے۔ پوار نے وضاحت کی کہ اُن کی پارٹی گاندھی-نہرو کے راستے پر چلنے والی جماعت ہے‘ اس لیے ایسی تجویز کی وہ حمایت نہیں کرسکتے۔ اسی بیچ کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے مودی کی اس تجویز پر نکتہ چینی کی۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی نے اپنی انتخابی تشہیر میں ہر حربہ استعمال کرلیا، لیکن کوئی حربہ کام نہ آیا‘ اس لیے بی جے پی کو روز نیا کارڈ استعمال کرنا پڑ رہا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے وزیرِ اعلیٰ اور شیوسینا قائد ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ چناؤ ملک کی ترقی‘ عام شہریان کی زندگی میں تبدیلی لانے اور ملک کو سپر پاور بنانے کیلئے بہت اہم ہے۔ شندے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں بوتھ پرمکھوں کے اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ وزیرِ اعلیٰ نے کل مہایوتی اُمیدوار سندیپان بھومرے کی انتخابی تشہیر کیلئے چھترپتی سمبھا جی نگر کے ویجاپور میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ اس موقع پر انھوں نے سابق وزیرِ اعلیٰ اُدّھو ٹھاکرے پر بالا صاحب ٹھاکرے کے کانگریس سے متعلق مؤقف سے وفاداری نہ کرنے کا الزام عائد کیا۔ اس جلسے میں خزانہ کے مرکزی وزیرِ مملکت ڈاکٹر بھاگوت کراڑ اور مہایوتی کے قائدین موجود تھے۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے نے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں مہاوِکاس آگھاڑی امیدوار چندرکانت کھیرے کے تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔ اس موقع پر انھوں نے مہنگائی‘ زرعی پیداوار کی ضمانتی قیمتوں‘ صنعتوں کے بیرونِ ریاست منتقلی جیسے مسائل پر حکمراں جماعت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ اسی دوران کل جالنہ میں بھی مہاوِکاس آگھاڑی امیدوار ڈاکٹر کلیان کالے کیلئے انتخابی جلسے کا انعقاد کیا گیا۔ تاہم اُدّھو ٹھاکرے اس جلسے میں کسی وجہ سے نہیں پہنچ سکے۔ کانگریس رہنماء امیت دیشمکھ، وجئے وڑیٹیوار اور مہاوِکاس آگھاڑی کے قائدین نے اس جلسے سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقے سے ونچیت بہوجن آگھاڑی کے امیدوار افسر خان نے الزام عائد کیا کہ گذشتہ 20 برسوں کے دوران کوئی بھی رُکنِ پارلیمان چھترپتی سمبھا جی نگر کے پانی کے مسئلے کو حل نہیں کرپایا۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایک صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ رُکنِ پارلیمان امتیاز جلیل نے آدرش امدادِ باہمی بینک گھپلے میں کھاتے داروں کو انصاف دلانے کا وعدہ کیا تھا‘ تاہم اس کے برعکس 538 کھاتے داروں کے خلاف مقدمے درج کردیئے گئے۔

***** ***** *****

احمد نگر لوک سبھا حلقے سے مہایوتی امیدوار سُجئے وِکھے پاٹل کی انتخابی تشہیر کیلئے نائب وزیرِ اعلیٰ اور راشٹر وادی کانگریس کے صدر اجیت پوار نے احمد نگر میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ وہیں اسی حلقے میں مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار نلیش لنکے کی انتخابی مہم کے دوران راشٹر وادی کانگریس شرد پوار گروپ کی رُکنِ پارلیمان سپریہ سُلے نے بھات کُڑگاؤں پھاٹے پر جلسہ کیا۔

***** ***** *****

آکاشوانی کے پروگرام ''لوک نرنئے مہاراشٹراچا'' کی آج کی قسط میں ہم تھانے لوک سبھا حلقے کا جائزہ لیں گے۔ یہ پروگرام آکاشوانی کے ممبئی مرکز سے شام سوا سات بجے نشر کیا جائیگا۔ یہ پروگرام سوشل میڈیا چینلز پر بھی سنا جاسکے گا۔

***** ***** *****

شراب گھپلہ معاملے میں گرفتار دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو عدالتِ عظمیٰ نے یکم جون تک عارضی ضمانت دی ہے۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتا کی بینچ نے یہ فیصلہ دیا۔ لوک سبھا انتخابات کی تشہیر کی خاطر عدالت نے یہ رعایت دی ہے اور 2 جون کو خود سپردگی کا حکم دیا ہے۔ کجریوال کو ED نے گذشتہ 21 مارچ کو گرفتار کیا تھا' تب سے وہ تہاڑ جیل میں تھے۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں کل سلامتی دستوں اور نکسلیوں کے درمیان ہوئی مُڈ بھیڑ میں 13 نکسلی مارے گئے۔ ڈسٹرکٹ ریزرو فورس اور اسپیشل ٹاسک فورس کی جانب سے مشترکہ تلاشی مہم کے دوران یہ واقعہ پیش آیا۔ چار گھنٹے تک چلی اس جھڑپ میں دو فوجیوں کے بھی زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

پونے کی ایک خصوصی عدال نے توہم پرستی کی روک تھام کیلئے کام کرنے والے سینئر کارکن ڈاکٹر نریندر دابھولکر کے قتل معاملے میں سچن اَندورے اور شرد کلسکر کو عمر قید اور پانچ لاکھ روپئے جرمانہ کی سزا سنائی ہے۔ تاہم اس مقدمے کے دیگر ملزمان ڈاکٹر روبندر تاوڑے' سنجیو پونالیکر اور وکرم بھاوے کو ثبوتوں کی عدم دستیابی کے سبب رِہا کر دیا۔ دابھولکر کا کم و بیش 11 برس قبل 20 اگست 2013 کی صبح پونے میں قتل کر دیا گیا تھا۔ دابھولکر خاندان نے عدالت کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے تاہم آنجہانی کی بیٹی مکتا دابھولکر نے کہا ہے کہ وہ ثبوتوں کی کمی کی بناء پر بری ہونے والے ملزمان کو سزا دلانے کیلئے ممبئی عدالتِ عالیہ سے رُجوع کریں گی۔

***** ***** *****

ضلع انتخابی افسر اور کلکٹر دلیپ سوامی نے بتایا کہ اورنگ آباد لوک سبھا انتخابات کیلئے انتظامیہ چوکس ہے اور انتخابی عمل کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ سوامی نے بتایا کہ رائے دہی میں اضافے کیلئے مختلف انعامات دیئے جائیں گے۔ 75 فیصد رائے دہی کرنے والے دیہاتوں اور پنچایتوں کو سمردّھ لوک شاہی گاؤں اور گرام پنچایت انعامات سے نوازا جائے گا۔ اسی طرح 90 فیصد رائے دہی کرنے والی ہاؤسنگ سوسائٹیز کو سمردّھ لوک شاہی گرہ نرمان سوسائٹی انعام سے' جبکہ ایک ہزار سے زائد محنت کشوں پر مشتمل صنعتی اداروں کو انڈسٹرئیل اسٹیبلشمنٹ ایوارڈ دیا جائیگا۔

***** ***** *****

جالنہ لوک سبھا حلقے میں کل انتہائی ضروری خدمات انجام دینے والے افسران و ملازمین نے پوسٹل بیلیٹ کے ذریعے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔ اسی بیچ جالنہ زرعی پیداوار مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے بتایا گیا کہ 13 مئی یعنی رائے دہی کے دِن اس بازار کمیٹی میں کاروبار بندر ہے گا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی تشہیری مہم کا آج اختتام؛ پرسوں پیر کو رائے دہی۔

☆ دِلّی کے وزیرِ اعلیٰ اروند کجریوال کو سپریم کورٹ کی جانب سے یکم جون تک عارضی ضمانت۔

☆ ڈاکٹر نریندر دابھولکر قتل معاملے میں دو مجرمین کو عمر قید اور پانچ لاکھ روپئے جرمانہ؛ ثبوتوں کی عدم دستیابی پر تین رِہا۔

اور۔۔ ☆ اورنگ آباد لوک سبھا حلقے میں رائے دہی میں اضافے کی خاطر انتظامیہ کی جانب سے انعامات کا اعلان۔

***** ***** *****